رہنواز، حافظ عبد العلیم اور حافظ محمد اکرم حضرت پیر جی کے ہمراہ تھے اور قافلہ احرار نے تمام مقامات پر مجلس احرار اسلام کی تشکیل اور جماعت میں شمولیت کی دعوت کو خاص طور پر اہمیت دی۔ احرار رہنماؤں نے اپنے خطبات میں توحید ورسالت، ختم نبوت، قیام حکومت الٰہیہ، تردید جمہوریت اور مجلس احرار اسلام کی دینی وسیاسی خدمات کے موضوعات پر اظہار خیال کیا۔

حضرت پیر جی مدظلہ کی تبلیغی مصروفیات:

حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ ۳۱ جولائی کو ملتان میں میلاد مصطفی ﷺ کانفرنس سے خطاب کے بعد صبح لیاقت پور تشریف لے گئے۔ یہاں محترم قاری ظہور الرحیم صاحب کی مسجد میں خطبۂ جمعہ ارشاد فرمایا بعد ازاں ضلع رحیم یار خان کے مختلف شہروں کا تنظیمی دورہ کریں گے اور احرار کارکنوں سے ملاقاتوں کے علاوہ متعدد اجتماعات سے بھی خطاب کریں گے۔

مجلس احرار اسلام ملتان کے زیر اہتمام میلاد مصطفی ﷺ کانفرنس:
قائد احرار سید عطاء المحسن بخاری اور دیگر رہنماؤں کا خطاب

مجلس احرار اسلام ملتان کے زیر اہتمام مسجد ختم نبوت دار بنی ہاشم میں ۳۱ جولائی بروز جمعرات بعد نماز مغرب میلاد مصطفی ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس سے قائد احرار ابن امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری اور ماہنامہ نقیب ختم نبوت کے مدیر سید محمد کفیل بخاری نے خطاب کیا جبکہ حافظ محمد اکرم اور حسین اختر نے نعتیں پیش کیں۔ اجلاس ساڑھے دس بجے شب تک جاری رہا اور پونے گیارہ بجے نماز عشاء ادا کی گئی۔

ترحیم

مسافرانِ عدم

○ لاہور سے ہمارے قدیم رفیق محترم پروفیسر محمد عباس نجمی، محترم پروفیسر محمد عاصم صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں رحلت فرما گئیں۔

○ تلہ گنگ سے ہمارے مہربان حاجی نورزمان، حاجی میاں محمد اور حاجی شیر محمد کے صاحب والد ماجد حاجی شیخ احمد 110 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔

○ ڈھرنال (تلہ گنگ) سے ہمارے کرم فرما محترم امتیاز صاحب کے چچا عطاء محمد انتقال کر گئے۔

○ چکڑالہ (ضلع میانوالی) سے ہمارے کرم فرما اور معروف صحافی محترم ڈی ایم اعوان کے صاحب جوان سال فرزند نعیم اختر گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

○ چنیوٹ سے محترم قاری محمد یامین گوہر کے جوان سال اکلوتے فرزند مولوی حافظ عبدالقادر چند ماہ قبل ایک حادثہ میں رحلت کر گئے۔

○ مجلس احرار اسلام بہاولنگر کے ناظم حکیم نذیر احمد اجمیری کی اہلیہ انتقال کر گئی ہیں۔

(بقیہ صفحہ ۴۸ پر)